



5

# نقل وحمل خدمات

ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں کئی چیزوں کا استعمال کرتے ہیں، ہم جانتے ہیں کہ ان میں سے بہت سی چیزیں ہمارے علاقے سے دور تیار کی جاتی ہیں۔ ہم اپنے مقام پر انہیں کیسے حاصل کریں؟ انہیں ان مقامات سے ریل اور سڑک کے راستوں کے ساتھ ساتھ ہوائی جہازوں سے بھی لایا جاتا ہے اور ہمارے گھر کے پاس مہیا کرایا جاتا ہے۔ آپ نے ٹرک، ٹمپو اور بیل گاڑی کو تو دیکھا ہی ہوگا ان کی مدد سے اشیاء خام مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاتا ہے۔ اسی طرح آپ نے دیکھا ہوگا کہ لوگ جہاز، بس، ریل گاڑی، کار، اسکوٹر، رکشہ یا سائیکل سے ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔

کاروبار میں چیزوں کو لانے لے جانے اور لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانے کی بہت اہمیت ہے۔ اسی کے سبب چیزوں کو تیار کرنے والے مقام پر دستیاب کرایا جاتا ہے۔ تیار سامان فروخت یا استعمال کرنے کی جگہ تک پہنچایا جاتا ہے اور افرادی قوت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہے۔ اس سبق میں ہم پڑھیں گے کہ سامان اور کام کرنے والے لوگ کیسے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچتے ہیں۔



## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- نقل وحمل کا مطلب سمجھ سکیں گے؛
- نقل وحمل کی اہمیت بتا سکیں گے؛
- نقل وحمل کے مختلف طریقوں کی پہچان کر سکیں گے، اور
- نقل وحمل کے مختلف طریقوں کے فائدے ونقصانات بتا سکیں گے۔



نوٹ

## 5.1 نقل وحمل کا مطلب

نقل وحمل کی مراد ان سرگرمیوں سے ہے جن کے تحت سامان اور افراد کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لے جایا جاتا ہے۔ کاروبار میں یہ ایک مددگار عمل ہے جو خام مال کو پیداوار کی جگہ تک اور تیار سامان کو فروخت کرنے کے لئے آخری صارف تک پہنچانے میں کاروبار اور صنعتوں کی مدد کرتا ہے۔ جو لوگ کاروبار کے اس عمل میں لگے ہیں ان کو ٹرانسپورٹر کہا جاتا ہے۔ ٹرانسپورٹر خام مال، تیار شدہ اشیاء، مسافروں، پانی، گیس، پٹرول وغیرہ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔

## 5.2 نقل وحمل کی اہمیت

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ٹرانسپورٹ فاصلے کی بندشوں کو کم کرتا ہے۔ اس کے سبب آج کل کسی مقام پر تیار ہونے والی اشیاء دور دراز کے مقامات پر آسانی سے دستیاب ہو جاتی ہے اور لوگ آزادی سے پوری دنیا میں آ جا سکتے ہیں نقل وحمل کے بغیر ہم اور کاروباری اکائیاں ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھا سکتے۔ ذیل میں نقل وحمل کی اہمیت کے نکات دیئے گئے ہیں۔

(i) **صنعت کاروں اور پیدا کاروں کو کچا مال مہیا کرانا:** نقل وحمل سے ہی کچے مال کو اس کے دستیاب ہونے کی جگہ سے ان جگہوں تک لے جانا ممکن ہے جہاں اس کی مدد سے چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ اور نیم تیار یا تیار شدہ اشیاء کی شکل میں مرتب کیا جاتا ہے۔

(ii) **صارفین کو سامان مہیا کرانا:** نقل وحمل کی مدد سے تیار اشیا کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تک بڑی آسانی اور تیزی سے پہنچایا جا سکتا ہے اس طرح دور دراز جگہوں پر تیار سامان ملک بھر کے صارفین تک پہنچ جاتا ہے۔

(iii) **لوگوں کا معیار زندگی بہتر بنانا:** نقل وحمل کے طریقوں کی مدد سے صارفین کو مختلف قیمتوں اور مختلف مقداروں میں اپنی پسند کی اشیاء استعمال کرنے کا موقع ملتا ہے جس سے ان کا معیار زندگی بہتر ہوتا ہے۔

(iv) **لاگت پر بڑے پیمانے کی پیداوار کی سہولیات:** ہم جانتے ہیں کہ بڑے پیمانے کی پیداوار ہمیشہ اپنی مرضی کے مقام پر ممکن نہیں ہوتی کیونکہ اس میں ایک بہت بڑے بنیادی ڈھانچے خاص طور پر زمین کی ضرورت ہوتی ہے جو آسانی سے ہر جگہ دستیاب نہیں ہوتی۔ لیکن نقل وحمل کے ذریعہ مینوفیکچرنگ کے لئے حتمی طور پر منتخب مقام پر تمام مطلوبہ مال اور افرادی قوت کو مہیا کر کے بڑے پیمانے پر پیداوار کو ممکن بنایا جاتا ہے۔ بڑے پیمانے کی پیداوار سے فی اکائی لاگت میں کمی آتی ہے۔

(v) **ایمرجنسی اور قدرتی آفات میں مدد پہنچانا:** جنگ یا اندرونی خلفشار کے وقت جیسے کسی قومی بحران کی صورت میں نقل وحمل کے ذرائع ہی فوجیوں اور دوسرے سامان کو ضرورت کی جگہ پر پہنچانے میں مدد کرتے ہیں۔



نوٹ

(vi) **روزگار کے مواقع بڑھانے میں مدد:** نقل وحمل سے لوگوں کو ڈرائیور، کنڈیکٹر، پائیلٹ، ہوائی جہاز ملازمین، سمندری جہاز کے کیپٹن وغیرہ کے طور پر روزگار ملتا ہے۔اس کے علاوہ کچھ لوگوں کو نقل وحمل سے دوسری شکل میں بھی روزگار ملتا ہے جیسے نقل وحمل میں استعمال ہونے والی چیزوں ساز وسامان اور پرزوں وغیرہ کو تیار کرنے والے کارخانوں میں لوگوں کو کام ملتا ہے۔لوگ نقل وحمل میں استعمال ہونے والی چیزوں کی مرمت اور رکھ رکھاؤ کے لئے سہولت کی جگہوں پر سروس سینٹر بھی کھولتے ہیں جس سے ان کا روزگار چلتا ہے۔

(vii) **مزدوروں کی منتقلی میں مدد:** نقل وحمل کی سہولیات مزدوروں کو کام کی جگہ تک پہنچانے میں بہت مدد کرتی ہیں۔آپ کو معلوم ہوگا کہ دوسرے ممالک کی صنعتوں اور کارخانوں میں کام کرنے کے لئے ہمارے ملک سے لوگ دوسرے ممالک میں جاتے ہیں۔غیرملکی بھی یہاں کام کرنے آتے ہیں۔ملک میں بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ لوگ کام کی تلاش میں جاتے ہیں۔یہ ہمیشہ ممکن نہیں ہوتا کہ کارخانوں کے آس پاس ہی مزدول جائیں۔بہت سی صنعتیں لوگوں کو ان کے گھروں سے کام کرنے کی جگہ لانے اور لے جانے کے لئے بھی نقل وحمل کی سہولیات مہیا کرتی ہیں۔

(viii) **ملکوں کو قریب لانے میں مددگار:** نقل وحمل سے ایک ملک کے لوگوں کو دوسرے ممالک میں جانے میں مدد ملتی ہے۔اس سے مختلف ممالک کے لوگوں کے درمیان ثقافتی تفہیم اور رسم ورواج وخیالات کا تبادلہ ہوتا ہے۔اس سے لوگوں میں مختلف ممالک کے بارے میں بہتر سمجھ اور آگہی پیدا ہوتی ہیں۔اس طرح سے نقل وحمل بین الاقوامی اخوت کے احساس کو فروغ دینے میں بہت مددگار رہتا ہے۔

## 5.1 متن پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل بیانات میں سے درست اور غلط بیانات کو چھانٹئے۔

(i) کاروبار میں نقل وحمل کو تجارت کی مددگار سرگرمی مانا جاتا ہے۔

(ii) نقل وحمل سے لوگوں کی زندگی کا معیار بہتر بنانے میں کوئی مدد نہیں ملتی۔

(iii) نقل وحمل سے مختلف ممالک کے درمیان ثقافتی لین دین ممکن ہو پاتا ہے۔

(iv) نقل وحمل سے روزگار کے مواقع نہیں کھلتے ہیں۔

(v) نقل وحمل سے مزدوروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ پر آنا جانا آسان ہوتا ہے۔

## 5.3 نقل وحمل کے طریقے اور ذرائع

ہم نے اوپر پڑھا کہ نقل وحمل خاص طور پر زمین، ہوا اور پانی کے راستے سے ہوسکتا ہے۔ان کو نقل وحمل کے مختلف طریقے کہا

جاتا ہے۔ زمین پر ٹرک، ٹریکٹر وغیرہ سامان اور ریل گاڑیاں، بسیں اور کاریں مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لے جاتی ہیں۔ آسمان میں ہوائی جہاز اور ہیلی کوپٹر مسافروں اور سامان کو لاتے لے جاتے ہیں۔ سمندروں میں پانی کے جہاز اور اسٹیمر کشتیاں وغیرہ سامان اور مسافروں کو لاتے لے جاتے ہیں۔ یہ نقل وحمل کے ذرائع ہیں۔ آیئے اب ہم نقل وحمل کے مختلف طریقوں اور متعلقہ ذرائع کا مطالعہ کریں۔

نقل وحمل کے ذرائع کو خاص طور سے تین زمروں میں بانٹا جاسکتا ہے زمینی نقل وحمل، آبی نقل وحمل اور ہوائی نقل وحمل۔

## 5.4 زمینی نقل وحمل

زمینی نقل وحمل کا مطلب ہے سامان اور مسافروں کو زمینی راستے سے لانے اور لے جانے کے ذرائع۔ اس طرح کے نقل وحمل میں سڑک، ریل راستے، رسّی یا پائپ وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے اس طرح ہم زمینی نقل وحمل کو چار حصوں میں بانٹ سکتے ہیں۔ سڑک نقل وحمل، ریل نقل وحمل، رسّی راہ (روپ وے) نقل وحمل اور پائپ لائن نقل وحمل۔ آیئے اب اہم ان کا تفصیلی جائزہ لیں۔

## 5.5 سڑک نقل وحمل

سڑک ایک جگہ کو دوسری جگہ سے جوڑتی ہے۔ آپ نے اپنے گاؤں، قصبے یا شہروں میں سڑکیں دیکھی ہوں گی، ان میں سے کچھ تو بجری سے بنی ہیں اور کچھ پتھر، سیمنٹ تارکول تار سے بنی ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ بیل گاڑیاں، سائیکلیں، موٹر سائکلیں، کاریں، ٹرک، بسیں وغیرہ سڑکوں پر چلتی ہیں۔ ان کو سڑک نقل وحمل کے مختلف ذرائع کہا جاتا ہے۔ ان ذرائع کو بھی تین حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے۔

(i) انسانوں کے ذریعے کھینچے جانے والے ذرائع سے نقل وحمل

(ii) مویشی و دوسرے جانوروں کے ذریعے کھینچے جانے والے ذرائع سے نقل وحمل۔

(iii) موٹر کے ذریعے کھینچے جانے یا چلائے جانے والے ذرائع سے نقل وحمل۔

i۔انسان کے ذریعہ کھینچے جانے والے



ii۔جانوروں کے کھینچے کے ذریعہ



موٹر سے چلنے والے روڈ



ٹرانسپورٹ ذرائع کی تصویریں

آپ نے دیکھا ہوگا کہ کچھ لوگ اپنے سر، پیٹھ، سائیکل یا ٹھیلے پر سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔

کچھ لوگ تھوڑی دور جانے کے لئے سائیکل یا رکشے کا استعمال کرتے ہیں۔ ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ گاؤوں میں لوگ فصلوں اور بھوسے کو جانوروں کے ذریعے کھینچی جانے والی گاڑیوں سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔ یہ گاڑیاں بیلوں، اونٹوں، گھوڑوں یا گدھوں کے ذریعے کھینچی جاتی ہیں۔ لوگ خود بھی ان گاڑیوں پر سفر کرتے ہیں۔ کئی بار جانوروں کی پیٹھ پر لاد کر بھی سامان ڈھوتے ہیں اور خود بھی سفر کرتے ہیں۔ وہ علاقے جو عام طور پر پورے سال برف سے ڈھکے رہتے ہیں سواریوں اور سامانوں کو کتوں کے ذریعہ کھینچی جانے والی گاڑیوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان گاڑیوں کو سلیج کہا جاتا ہے۔

پچھلے کچھ برسوں سے آدمی کے ذریعے یا جانوروں کے ذریعے کھینچی جانے والی گاڑیوں کے مقابلے موٹر سے چلنے والی گاڑیاں زیادہ عام ہوگئی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ گاڑیاں زیادہ تیز رفتار سے چلتی ہیں اور ان کی سامان ڈھونے کی صلاحیت بھی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ملک کے کونے کونے تک سڑکیں بن جانے سے بھی موٹر گاڑیوں کا استعمال بڑھا ہے۔ اشیاء اور سواریوں کو لانے لے جانے میں استعمال کی جانے والی موٹر گاڑیوں میں آٹو رکشا، اسکوٹر، وین، بسیں، ٹیمپو اور ٹرک شامل ہیں۔

کولکاتہ میں لوگ ٹرام سے سفر کرتے ہیں وہ بھی سڑک نقل وحرکت کا ہی ایک طریقہ ہے۔

## 5.6 سڑک نقل وحمل کے فائدے

اس کے فائدے مندرجہ ذیل ہیں:

(i) نقل وحمل کے دوسرے طریقوں کی بہ نسبت سڑک نقل وحمل سستا ہوتا ہے۔

(ii) خراب ہونے والی اشیاء کو سڑک نقل وحمل کے ذریعے سے تیزی سے کم دوری کی ایک جگہ سے دوسری جگہ پر پہنچایا جاسکتا ہے۔

(iii) اس نقل وحمل سے سامان کو کسی بھی جگہ پر چڑھایا اور اتارا جاسکتا ہے اس سے گھر تک سامان پہنچایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح یہ نقل وحمل کا ایک لچکدار طریقہ ہے۔

(iv) اس سے ان جگہوں پر بھی سامان لے جایا جاسکتا ہے جو نقل وحمل کے دوسرے طریقوں سے نہیں جڑی ہیں جیسے کہ پہاڑی علاقہ وغیرہ۔

## 5.7 سڑک نقل وحمل کی خامیاں

اس کی خامیاں مندرجہ ذیل ہیں:

(i) اس کی وزن ڈھونے کی صلاحیت محدود ہے اس لئے لمبی دوری کی نقل وحمل کے لئے یہ کفایتی نہیں ہے۔

(ii) بہت بھاری سامان یا بہت زیادہ سامان کو اس طریقے سے ڈھونے میں خرچ بہت زیادہ ہوتا ہے۔

(iii) اس پر خراب موسم کا اثر پڑتا ہے۔ باڑھ، بارش، زلزلوں سے کئی بار سڑک نقل وحمل میں بھاری پریشانیاں آتی ہیں۔



نوٹ

## 5.8 ریل نقل وحمل

ریل گاڑی کے ذریعے سامان اور مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تک لانے اور لے جانے کو ریل نقل وحمل کہتے ہیں۔ ہمارے ملک کے زمینی نقل وحمل کے نظام میں اس کا اہم مقام ہے اور لمبی دوری تک سامان اور مسافروں کو لانے اور لے جانے کی یہ سب سے تسلی بخش سہولت ہے۔

لمبی دوری کے علاوہ کچھ بڑے شہروں میں لوکل ریل گاڑیاں یا میٹرو ریل گاڑیاں مسافروں کو لوکل (مقامی) سفر کی سہولت بھی مہیا کراتی ہیں۔ کچھ پہاڑی علاقوں کو چھوڑ کر ریل نقل وحمل پورے ملک میں موجود ہے۔ ہندوستان میں دو قسم کی ریل گاڑیاں ہیں۔ ایک مسافر گاڑی اور دوسری مال گاڑی۔ مسافر گاڑیوں سے مسافر اور کچھ سامان، جبکہ مال گاڑیوں سے صرف سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاتا ہے۔ یہ گاڑیاں ریل انجن کے ذریعے کھینچی جاتی ہیں اور ان میں بھاپ، ڈیزل یا بجلی کا استعمال ہوتا ہے۔ آیئے ریل نقل وحمل کے فائدے اور خامیوں کا مطالعہ کریں۔



ریل نقل وحمل

## 5.9 ریل نقل وحمل کے فائدے

(i) لمبی دوری کے سفر کے لئے یہ سب سے مناسب ذریعہ ہے۔

(ii) یہ سڑک نقل وحمل کے ذرائع کے مقابلے زیادہ تیز ہے۔

(iii) بھاری سامان یا زیادہ مقدار میں سامان کو لمبی دوری تک لے جانے کے لئے یہ مناسب ذریعہ ہے۔

(vi) خراب موسم، جیسے کہ سیلاب، بارش، کہرے وغیرہ کا اس پر بہت کم اثر پڑتا ہے۔

## 5.10 ریل نقل وحمل کی خامیاں

(i) تھوڑی دور تک سامان اور مسافروں کو لے جانے کے لئے یہ نسبتاً مہنگا پڑتا ہے۔

(ii) ملک کے دور دراز علاقوں میں ریل سہولیات موجود نہیں ہیں۔

(iii) ریل گاڑیاں ایک طے شدہ ٹائم ٹیبل کی بنیاد پر چلتی ہیں۔اوران سے کہیں بھی سامان کو اتارنا اور چڑھانا آسان نہیں ہے۔

(iv) حادثہ ہونے پر اس سے جان و مال کو بھاری نقصان ہوتا ہے۔

## 5.11 پائپ لائن نقل وحمل

آج کے دور میں پائپ لائن کومختلف مقاصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔گھروں اور کاروباری علاقوں میں پانی کو پائپ لائنوں کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے۔پٹرولیم اورقدرتی گیس بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پائپ لائنوں سے پہنچائی جاتی ہیں۔


پائپ لائن نقل وحمل

سڑک اورریل کے مقابلے پٹرولیم اورقدرتی گیس پہنچانے کا یہ اچھا، مناسب اور کفایتی طریقہ ہے۔لیکن اس کے لئے ان چیزوں کی مقدارزیادہ ہونی چاہیے۔تنصیب اور رکھ رکھاؤ کی لاگت میں بڑی پونجی سرمایہ کاری کی ضرورت ہوتی ہے۔

## 5.12 رسّی کے ذریعہ نقل وحمل

رسی نقل وحمل سے پہاڑیوں کے دومقامات یاوادی یاندی کے آر پار کی دو جگہوں کوجوڑا جاتا ہے۔پہاری علاقوں میں کسی رسی سے جڑے پہیوں پر ٹرالیاں چلائی جاتی ہیں۔لوگوں،سامان یاخاص طور پرتعمیراتی چیزیں لے جانے کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔


رسی کے ذریعہ نقل وحمل

رسی نقل وحمل کی ایک مثال گجرات میں مشہور''اڑن کھٹولہ جگدمبا'' ہے جو زیارت کرنے والوں کومندر تک پہنچا تا ہے۔اس میں 50 مسافر ایک بار سفر کرسکتے ہیں۔

### 5.2 متن پر مبنی سوالات

1۔درج ذیل بیانات میں سےکون سے بیانات صحیح اورکون سے غلط ہیں؟

(i) نقل وحمل کا مطلب صرف سامان کولانا اورلے جانا ہے۔لوگوں کونہیں۔

(ii) نقل وحمل سے دوری کا مسئلہ حل ہوتا ہے۔

(iii) پائپ لائن نقل وحمل زمینی نقل وحمل کا ذریعہ نہیں ہے۔

(iv) خراب موسم کا سڑک نقل وحمل پرکوئی اثرنہیں پڑتا۔

(v) بھاری اوربڑے سامان کولے جانے کے لئے ریل نقل وحمل مناسب طریقہ ہے۔

II کالم A کو کالم B سے ملایئے

| کالم A | کالم B |
|---|---|
| (i) ٹھیلہ | a۔وادیوں میں نقل وحمل کے لئے مناسب |
| (ii) رسی کے ذریعہ نقل وحمل | b۔ بھاری اور زیادہ مقدار میں سامان کے لے جانے کے لئے مناسب |
| (iii) سلیج | c۔گیس کی نقل وحمل کا ذریعہ |
| (iv)ریلوے | d۔انسانوں کے ذریعے کھینچا جانے والا |
| (v) پائپ لائن | e۔کتوں کے ذریعے کھینچی جانے والی گاڑی |

## 5.13 آبی نقل وحمل

آبی نقل وحمل کا مطلب ہے کشتی، اسٹیمر، لانچ، سمندری جہاز وغیرہ جیسے مختلف ذرائع کی مدد سے پانی کے راستے سے سامان اور مسافروں کو لانا لے جانا۔ ان طریقوں سے سامان اور مسافروں کو ملک کے مختلف حصوں اور غیر ممالک میں بھیجا جاتا ہے۔ ملک میں ندیوں اور نہروں میں کشتیاں، لانچیں وغیرہ سے سامان اور مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تک لے جایا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ سامان اور مسافروں کو ملک کے اندر لاتے لے جاتے ہیں اس لئے انہیں اندرونِ ملک آبی نقل وحمل کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ آبی نقل وحمل جب سامان ومسافر مختلف ذرائع نقل وحمل کی مدد سے سمندر کے راستے لائے اور لے جائے جاتے ہیں تو اسے بحری نقل وحمل کہتے ہیں۔ آیئے ان دونوں قسم کے آبی ذرائع نقل وحمل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## 5.14 اندورن ملک آبی نقل وحمل

اندورن ملک آبی نقل وحمل میں کشتیوں، لانچوں، بارجز اور اسٹیمروں سے ندیوں اور نہروں کے راستے سامان اور مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاتا ہے۔ ان راستوں کو داخلی یا اندرون ملک پانی کے راستے کہا جاتا ہے۔ اس نقل وحمل کا استعمال گھریلو تجارت کے لئے بھاری سامان ڈھونے کے لئے کیا جاتا ہے۔ ہمارے ملک میں مسافروں کے لئے یہ سہولیت بہت عام ہے اور مقبول بھی۔ گھریلو آبی نقل وحمل کا نظام چندہی ریاستوں میں رائج ہے۔ جیسے آندھراپردیش، آسام، تامل ناڈو وغیرہ۔

## 5.15 بحری نقل وحمل

بحری نقل وحمل کا مطلب سمندری یا بحری راستوں پر سمندری جہازوں کے ذریعہ سامان اور مسافروں کا نقل وحمل ہے۔ بین الاقوامی تجارت کی ترقی میں اس کا اہم رول ہے۔ ساحلی علاقوں میں بھی اس سے مسافروں اور سامان کو پہنچایا جاتا ہے۔ بحری نقل وحمل کا راستہ طے شدہ ہوتا ہے اور



بحری نقل وحمل کی تصویر

اس سے دنیا کے لگ بھگ سبھی ممالک آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ بحری نقل وحمل مندرجہ ذیل دو قسم کا ہوتا ہے۔

(i) **ساحلی جہاز رانی** ۔اس قسم کی نقل وحمل کی سہولت میں ملک کی کچھ خاص بندرگاہوں کے درمیان سمندری جہاز چلتے ہیں۔اس سے گھریلو تجارت کو مدد ملتی ہے اور مسافر بھی ملک کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں جاسکتے ہیں۔اس طرح کے نقل وحمل میں سمندر کے ذریعہ الگ ہوئے مختلف ملکوں کے درمیان جہاز چلتے ہیں۔ان کا بطور خاص استعمال بین الاقوامی تجارت کی ترقی اور فروغ کے لئے کیا جاتا ہے۔ بھاری مشینوں اور زیادہ مقدار میں مال لانے لے جانے کا یہ ایک کفایتی ذریعہ ہے۔

(ii) **سمندر پار جہاز رانی** ۔ سمندر پار نقل وحمل طے شدہ راستوں پر کیا جاتا ہے۔اور دنیا کے تقریباً سبھی ممالک اس سے جڑے ہوئے ہیں۔سمندر پار نقل وحمل میں سامان اور مسافروں کے لے جانے کے لئے کئی قسم کے سمندری جہاز چلتے ہیں۔جنہیں ذیل میں درجہ بند کیا گیا ہے۔(a) لائنرز (Liners): لائنر ایک ایسا مسافر یا سامان ڈھونے والا جہاز ہوتا ہے جس کا تعلق ایک مسلسل کام کرنے والی جہاز رانی کمپنی سے ہوتا ہے۔ یہ جہاز طے شدہ راستے پر، اور طے شدہ وقت یعنی ٹائم ٹیبل کے مطابق چلتے ہیں۔ (b) ٹریمپ (Tramp): یہ ایسا مال بردار جہاز ہے جو مسلسل سفر نہیں کرتا بلکہ یہ تبھی چلتا ہے جب اسے ڈھونے کے لئے مال ملتا ہے ان کا لائنر کی طرح نہ تو کوئی طے شدہ راستہ ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی مقررہ ٹائم ٹیبل


سمندر پار جہاز رانی

## 5.16 آبی نقل وحمل کے فائدے

آبی نقل وحمل کے فائدے مندرجہ ذیل ہیں۔

(a) یہ زیادہ مقدار میں یا بھاری بھر کم سامان ڈھونے کے لئے نسبتاً کافی کفایتی طریقہ ہے۔

(b) حادثات کے نقطہ نظر سے یہ محفوظ نقل وحمل ہے۔

(c) راستوں کے بنانے یا ان کے رکھ رکھاؤ پر بہت کم خرچ آتا ہے کیونکہ سارا راستہ قدرتی طور پر بنا ہوا ہے۔

(d) اس سے بین الاقوامی تجارت کو فروغ ملتا ہے۔

## 5.17 آبی نقل وحمل کی خامیاں

آبی نقل وحمل کی خامیاں مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) ندیوں، نہروں اور سمندروں کی گہرائی الگ الگ ہونے سے کئی بار کشتیوں، اور جہازوں کو چلانے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

نوٹ

(ii) یہ ذرائع آہستہ اور سست رفتاری سے چلتے ہیں اس لئے جلدی خراب ہونے والے سامان کو ڈھونے کے لئے موزوں نہیں ہے۔

(iii) خراب موسم کا اس پر برا اثر پڑتا ہے۔

(iv) آبی نقل وحمل کے لئے جہازوں کی خرید اور ان کے رکھ رکھاؤ پر بھاری مقدار میں سرمایہ صرف کرنا پڑتا ہے۔

## 5.3 متن پر مبنی سوالات

I۔مندرجہ ذیل میں سے درست اور غلط بیانات چھانٹیے۔

(i) اندرون ملک آبی نقل وحمل کا مطلب ہے سمندروں میں جہازوں کا چلنا۔

(ii) آبی نقل وحمل، نقل وحمل کا بڑا تیز طریقہ ہے۔

(iii) آبی نقل وحمل سے بین الاقوامی تجارت میں کافی سہولت ہوتی ہے۔

(iv) سمندر پار جہاز رانی میں سمندری جہاز پڑوسی ممالک میں مال لے جاتے ہیں۔

(v) آبی نقل وحمل پر خراب موسم کا اثر نہیں پڑتا۔

II۔ مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کے ذریعے پُر کیجیے۔

(i) ــــــــــ مال ڈھونے والا سمندری جہاز ہوتا ہے جو پابندی کے ساتھ نہیں چلتا۔

(ii) داخلی یا اندرون ملک آبی نقل وحمل میں ــــــــــ تجارت کے لئے مال لایا اور لے جایا جاتا ہے۔

(iii) ــــــــــ سمندری جہاز کا طے شدہ راستہ ہوتا ہے اور یہ طے شدہ وقت کے مطابق چلتا ہے۔

(iv) بحری نقل وحمل سے ــــــــــ تجارت کو ترقی حاصل ہوتی ہے۔

(v) آبی نقل وحمل میں سمندری جہاز خریدنے میں ــــــــــ سرمایہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔

## 5.18 ہوائی نقل وحمل

یہ نقل وحمل کا سب سے تیز ذریعہ ہے۔اس کے تحت مسافر ہوائی جہازوں، مال ڈھونے والے (کارگو) ہوائی جہازوں اور ہیلی کو پٹر سے سامان اور مسافروں کو ہوائی راستوں سے لے جایا جاتا ہے۔اس میں مسافروں کے علاوہ کم مقدار میں لیکن قیمتی سامان کو ڈھویا جاتا ہے۔ پہاڑی علاقوں میں جہاں نقل وحمل کے دوسرے ذرائع موجود نہیں ہیں وہاں پر ہوائی جہاز بہت اہم اور



ہوائی نقل وحمل کی تصویر







آسان ذریعہ ہے۔ زلزلہ اور سیلاب وغیرہ قدرتی مشکلات کے دوران سامان اور مسافروں کو لانے کے لئے زیادہ تر اسی طریقے کا استعمال ہوتا ہے۔ جنگ کے دوران بھی مطلوبہ علاقوں میں فوجیوں کو لانے لے جانے اور مال کی سپلائی میں ہوائی نقل وحمل کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔

ہوائی نقل وحمل کو داخلی نقل وحمل اور بین الاقوامی ہوائی نقل وحمل میں درجہ بند کیا جاسکتا ہے۔ جہاں داخلی ٹرانسپورٹ خاص طور پر ملک کے اندر نقل وحرکت میں سہولت پیدا کرتا ہے اور وہیں بین الاقوامی ہوائی نقل وحمل میں مختلف ممالک کے درمیان سامان اور مسافروں کو لایا اور لے جایا جاتا ہے۔ ہوائی نقل وحمل کے طے شدہ راستے ہوتے ہیں۔ جو تقریباً دنیا کے سبھی ممالک کو آپس میں جوڑتے ہیں۔

## 5.19 ہوائی نقل وحمل کے فائدے

اس کے فائدے مندرجہ ذیل ہیں

(i) یہ ٹرانسپورٹ کا تیز ترین ذریعہ ہے۔

(ii) جن جگہوں پر دوسرے ذرائع سے نہیں پہنچا جاسکتا، وہاں یہ سامان اور مسافروں کو پہنچانے کا سب سے زیادہ مفید ذریعہ ہے۔

(iii) قدرتی آفات کے دوران یہ نقل وحمل کا سب سے آسان ذریعہ ہے۔

(iv) قومی سلامتی اور جنگ کے دوران اس کا اہم رول ہوتا ہے۔

## 5.20 ہوائی نقل وحمل کی خامیاں

اس کی مندرجہ ذیل خامیاں ہیں:

(i) یہ نقل وحمل کا نسبتاً مہنگا ذریعہ ہے۔

(ii) بھاری سامان یا بڑی مقدار میں سامان لے جانے کے لئے یہ مناسب نہیں ہے۔

(iii) خراب موسم کا اس پر برا اثر پڑتا ہے۔

(iv) چھوٹی دوری کے سفر کے لئے یہ موزوں نہیں ہے۔

(v) حادثہ کے وقت مال، جائیداد اور جان کا بھاری نقصان ہوتا ہے۔

نوٹ

## متن پر مبنی سوالات 5.4

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سے بیانات درست اور کون سے غلط ہیں، بتایئے۔

(i) ہوائی ٹرانسپورٹ، نقل وحمل کے ذرائع میں سے سب سے تیز ذریعہ ہے۔

(ii) خراب موسم کا ہوائی نقل وحمل پر کوئی برا اثر نہیں پڑتا ہے۔

(iii) ہوائی نقل وحمل کم دوری کے لئے مناسب نہیں ہے۔

(iv) عام طور پر ہیلی کوپٹر کا استعمال بین الاقوامی سفر کے لئے کیا جاتا ہے۔

(v) قومی تحفظ میں ہوائی نقل وحمل کا کوئی رول نہیں ہے۔

II۔ مختلف الانتخاب سوالات

1۔ کوہستانی اور پہاڑی علاقے میں نقل وحمل کا موزوں طریقہ ہے:

(a) ریل ٹرانسپورٹ (b) سڑک ٹرانسپورٹ

(c) ٹرانسپورٹ (d) آبی ٹرانسپورٹ

2۔ کسی ٹرانسپورٹ کمپنی کے ذریعہ نقل وحمل کی سہولت فراہم کرنا ہے۔

(a) صنعت (b) تجارت

(c) تجارت میں معاون (d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ملک کے اندر طویل دوری کے لئے بڑی مقدار میں بھاری سامان لے جانے کا ایک موزوں طریقہ درج ذیل میں سے کون سا ہے؟

(a) ریل ٹرانسپورٹ (b) سڑک ٹرانسپورٹ

(c) ہوائی نقل وحمل (d) آبی ٹرانسپورٹ

4۔ پانی کے ان جہازوں کے مقررہ راستے ہوتے ہیں اور وہ پابندی کے ساتھ چلتے ہیں انہیں کیا کہا جاتا ہے:

(a) کارگو (b) چارٹر پارٹی

(c) لائنر (d) داخلی

5۔ آبی ٹرانسپورٹ کے فوائد درج ذیل میں سے کون سے نہیں ہیں؟

(a) ضخیم اور بھاری اشیا کی نقل وحمل کا نسبتاً کفایتی طریقہ

(b) خراب موسم کا خراب اثر پڑتا ہے۔

(c) بین الاقوامی تجارت کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

(d) حادثات کے رونما ہونے کے حوالے سے نقل وحمل کا ایک محفوظ طریقہ

## آپ نے کیا سیکھا

- نقل وحمل کا مطلب وہ سرگرمی ہے جس کے تحت مختلف ذرائع سے مسافروں اور سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ممکن ہو پاتا ہے۔
- نقل وحمل کی اہمیت اس طرح سے ہے۔

(i) پیدا کاروں (پروڈیوسر) کو کچا مال مہیا کرواتا ہے۔

(ii) لوگوں کو تیار شدہ مال مہیا کرتا ہے۔

(iii) معیاری زندگی کو اونچا اٹھاتا ہے۔

(iv) کم لاگتوں پر بڑے پیمانے کی پیداوار میں آسانی مہیا کرتا ہے۔

(v) ایمرجنسی اور قدرتی آزمائش کے وقت مددگار ثابت ہوتا ہے۔

(vi) روزگار کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

(vii) مزدوروں کو مختلف جگہوں پر پہنچانے میں مدد کرتا ہے۔

(viii) سبھی ممالک کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں مدد کرتا ہے۔

- نقل وحمل کے مختلف طریقے اس طرح ہیں۔

| طریقہ | زمینی نقل وحمل (ٹرانسپورٹ) | آبی نقل وحمل (ٹرانسپورٹ) | ہوائی نقل وحمل (ٹرانسپورٹ) |
|---|---|---|---|
| قسم | سڑک نقل وحمل<br>ریل نقل وحمل<br>پائپ لائن نقل وحمل<br>رسی (روپ وے) کے ذریعہ نقل وحمل | اندرون ملک آبی نقل وحمل<br>بحری نقل وحمل | داخلی (گھریلو) ہوائی نقل وحمل<br>بین الاقوامی ہوائی نقل وحمل |



نوٹ

- سامان اور سواریوں کو لانے لے جانے کے مختلف ذرائع ہیں۔

| ذرائع | زمینی نقل وحمل | بحری نقل وحمل |
|---|---|---|
| قسم | کشتی، اسٹیمر<br>بری کشتی | جہاز، ٹینکر، پن ڈبی |

- سامان اور مسافروں کو لانے و لے جانے کے لئے زمینی نقل وحمل کے مختلف طریقے اس طرح سے ہیں۔

| سڑک نقل وحمل | | | ریل نقل وحمل | پائپ لائن نقل وحمل | رسی (روپ) نقل وحمل |
|---|---|---|---|---|---|
| انسان کے ذریعے کھینچے جانے والے طریقے | جانوروں کے ذریعے کھینچے جانے والے | موٹر سے چلنے والے | گاڑی سواری<br>مال گاڑی | پائپ | رسیاں |
| انسان کا سر یا پیٹھ<br>انسان کے ذریعہ<br>کھینچی جانے والی<br>گاڑیاں<br>ٹھیلے<br>سائیکل<br>رکشا | جانوروں کے ذریعے<br>کھینچی جانے والی<br>گاڑیاں<br>سلیج<br>جانوروں کی پیٹھ | موٹر سائیکل<br>اسکوٹر<br>آٹو رکشا<br>کار<br>وین<br>بس<br>ٹرک<br>ٹمپو | | | |

- سامان اور مسافروں کو لانے، لے جانے کے لئے ہوائی نقل وحمل کے مختلف ذرائع مندرجہ ذیل ہیں۔

| ذرائع | **گھریلو ہوائی نقل وحمل** | **بین الاقوامی ہوائی نقل وحمل** |
|---|---|---|
| قسم | ہوائی جہاز، ہیلی کوپٹر | ہوائی جہاز |

## اختتامی مشق

1۔ نقل وحمل ٹرانسپورٹ کا کیا مطلب ہے؟ کاروبار میں اس کی اہمیت بیان کیجیے۔

2۔ نقل وحمل ٹرانسپورٹ کے ذرائع سے کیا مراد ہے، مختلف ذرائع نقل وحمل تحریر کیجیے۔

3۔ زمینی نقل وحمل کے مختلف طریقوں کو بیان کیجیے۔

4۔ ریلوے نقل وحمل کے فائدے و خامیاں بتائیے۔

5۔ سڑک نقل وحمل کی مختلف اقسام کی وضاحت کیجیے۔

6۔ سڑک نقل وحمل کے فوائد اور حدود پر بحث کیجیے۔

7۔ آبی نقل وحمل کے مختلف اقسام کی درجہ بندی کیجیے۔

8۔ نقل وحمل کے ذرائع کی اچھائیاں و خامیاں بتائیے۔

9۔ آبی نقل وحمل کے ذرائع کے فوائد اور خامیاں بتائیے۔

10۔ لائنر اور ٹرمپ جہازوں میں فرق واضح کیجیے۔

12۔ ہوائی نقل وحمل کے فائدے و خامیاں بیان کیجیے۔

13۔ کس طرح کی اشیاء کے لئے پائپ لائن نقل وحمل زیادہ موزوں ہے اور کیوں؟

## متن پر مبنی سوالات

5.1 (i) صحیح (ii) غلط (iii) صحیح (iv) غلط (v) صحیح

5.2 I صحیح۔ (ii)، (v)، غلط۔ (i)، (iii)، (v)

II (i) d (ii) a (iii) e (iv) b (v) c

5.3 I صحیح (iii)، (iv) غلط (i)، (ii)، (v)

II۔ (i) ٹرمپ (ii) گھریلو (iii) لائنر (iv) خارجہ (v) بھاری



نوٹ

5.4 I صحیح۔ (i)، (iii) صحیح۔ (ii)، (iv)، (v)

II (1) B، (2) C، (3) A، (4) C، (5) B

## آپ کے لئے سرگرمی

- اپنے گھر کے آس پاس نقل وحمل کے ذرائع پر نظر ڈالئے اور ان کے فائدے اور خامیاں لکھیے۔
- اپنے نزدیک کی مارکیٹ میں جائیے اور وہاں دوکانداروں سے پوچھئے کہ وہ سامان لانے کے لئے کس طرح کے نقل وحمل کے طریقے استعمال کرتے ہیں اور کیوں؟
- آپ کے گھر پر نقل وحمل کے کون سے طریقے استعمال کئے جاتے ہیں؟ ان کی فہرست تیار کیجیے۔